تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

July 09, 2024

پریس ریلیز

شیخ الجامعہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دست مبارک سے چائلڈ گائڈینس سینٹر فار چلڈرین وِدڈس ایبلیٹیز میں خصوصی سروس سینٹر کا افتتاح

چائلڈ گائڈینس سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پروفیسر محمد شکیل، قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دست مبارک سے مورخہ ۹ جولائی دوہزار چوبیس کوخصوصی سروس سینٹر کا افتتاح ہوا۔واضح ہو کہ یہ چائلڈ گائڈینس سینٹر ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل ویلفیئر سوسائٹی (زیڈ،ایچ،ایم ڈبلیوایس) فار چلڈرین وِدڈس ایبلیٹیز کے زیر اہتمام سرگرم ہے۔پروفیسر سارہ بیگم جنرل سیکریٹری (زیڈ، ایچ،ایم ڈبلیوایس) نے شیخ الجامعہ، مہمان خصوصی اور صدر (زیڈ،ایچ،ایم ڈبلیوایس) کا پرخلوص خیر مقدم کیا اور چائلڈ گائیڈینس سینٹراور وہاں خصوصی سروس کی دستیابی کی تفصیل انھیں بتائی یعنی

معذوری کی شناخت

معذوری کی تشخیص

کوچنگ کلاسیز، فیزیوتھیراپی، اوکوپیشنل تھیراپی، نفسیاتی تشخیص، کاؤنسلنگ اور یوگا جیسے علاج معالجے کی بابت

شیخ الجامعہ نے سینٹر کی ساری اکائیوں کا دورہ کیا اوران سے وابستہ لوگوں کی کوششوں کو سراہا۔انھوں نے سینٹر کی ڈھانچہ جاتی ترقی اور معذور بچوں کی آموزش کو بہتر کرنے کے سلسلے میں دیگر سہولیات کے لیے جامعہ انتظامیہ کی جانب سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

جامعہ کے تمام اسکولوں کے پرنسپل اوراین جی اوز کے نمائندوں گے پروگرام میں شرکت کی۔ جنرل سیکریٹری نے تمام پرنسپل سے درخواست کہ وہ معاشرے کی فلاح بہبود کے لیے سینٹر میں دستیاب سہولیات کے متعلق بیداری کو عام کریں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی